The labour wing of the ruling Awami League called the stoppage in launching a "purification campaign" to weed out corrupt bureaucrats and businessmen.

A spokesman for the strikers said the goods seized had been smuggled into Bangladesh without import permits.

Students joined labour volunteers in demonstrating outside the jail demanding capital punishment for those detained there awaiting trial for co-operating with the Pakistan Army during the conflicts of 1971.—Reuter.

AN INTERVIEW WITH SHAH MOHAMMED REZA PEHALVI OF IRAN N.Y. TIMES.

Belief in 'Crude Reality'

By C. L. Sulzberger

[illegible]

... what make one's own struggle."

The Shah no longer places faith in all ... He says CENTO, which links Iran, Turkey, Pakistan and Britain plus an indirect American tie, "was never a reality. It was always just a ... [illegible]

[illegible] ... the U.S. bilateral accord arranged with ... [illegible] ... "The United States had the privilege of interpreting what 'Communist' meant, no matter what ... [illegible] ... automatic defense pledge.

Officially that accord still exists; it hasn't been denounced. But I don't really ... [illegible] ... I prefer to believe in crude reality and in the paramountcy of national interests. Our relations with America are the same with or without the pact because the United States cannot afford to see anything happen to Iran.

FOREIGN AFFAIRS

What he means, of course, is that Washington doesn't want Russian dynamism to explode into the Indian Ocean and that American industry cannot afford to risk seeing this land's oil reservoir cut off. That is the "crude reality" on which the Shah bets.

I asked what had been the effect on this strategic concept of both the Nixon Doctrine and the new great power alignment. None, he said. He added: "I developed my own doctrine of a strong Iran fourteen years ago. Nixon understands that there is no other way for a nation to insure its protection than by itself.

"As for the new power alignment: we don't mind it. We are sure you will never do a dirty deal behind our backs. Anyway, you can't afford to."

The Shah says he has been insisting for years on heavy investment in Iran's military build-up even "against the better judgment of our good American friends who thought that with two air-borne divisions the United States could police the world." The annual defense budget now approaches the $2 billion level and huge amounts of U.S. supersonic aircraft, helicopters, cargo planes, anti-aircraft missiles and British tanks were on order.

This trend was accelerated after the 1971 war between India and Pakistan. The Shah says: "We saw organized armies crossing international boundaries and nobody did anything about it, not even the United States, while the mass media for the most part applauded this illegality. I opposed Pakistan's military intervention in Bangladesh. But the India-Pakistan war more than ever reinforced our resolve to strengthen Iran's defenses."

The problems today facing Iran are seen as linked. Iraq is consistently hostile and encourages subversion among Arab groups along the Persian Gulf. Moreover, Baghdad Radio seeks to foment trouble among the Baluchis of both southeast Iran and southwest Pakistan. Iran never forgets that Iraq leans heavily on Moscow for support.

The primordial problem, as the Shah sees it, is to prevent West Pakistan from wholly falling apart. He is urging India to help the shaky Pakistani Government control autonomist movements in the northwest frontier and Baluchistan provinces. He explains:

"If Pakistan disintegrates another Vietnam situation could develop. We must see to it that Pakistan doesn't fall to pieces. This would produce a terrible mess, an Indochina situation of new and larger dimensions. I dread to think of it."

And if it came anyway, if Pakistan fell apart? "The least we could do in our own interest would be some kind of protective reaction in Baluchistan." What does that mean? Apparently to seize it before anyone else does. Another "crude reality."

China opposed to super Power politics in Mediterranean

TOKYO, May 3: China's Vice Minister of National Defence Hsiao Ching-kuang told a visiting Algerian delegation the Chinese Government and people resolutely oppose the hegemony and power politics practised by the super powers in the Mediterranean, Peking reported yesterday.

Mr. Hsiao said, Super Powers have sent large numbers of warships to the Mediterranean, set up many military bases there and encroached on the independence and sovereignty of the countries along the Mediterranean."

POWs release —JORDAN PAPER

RAWALPINDI, Feb 6: Al ribous, an Arabic language weekly of Jordan, has expressed the view that the release of Pakistani POWs could create the climate necessary to resolve the Indo-Pakistan problems.

In a recent column, the magazine said that Arabs were sure that India was capable of solving the problems of Pakistan POWs. The paper while emphasising good relations of Arab countries with Pakistan and India, stated that those who are sincere to both India and Pakistan and all people who are interested in solving the disputes and return of normal relations are hoping for the problems of Pakistani POWs to be resolved.


SEVENTH CANADIAN CONFERENCE
MAY 18 - MAY 21, 1973
AT
YORK UNIVERSITY, 4700 KEELE ST., TORONTO, ONTARIO

The Muslim Students Association
OF U.S.A. & CANADA

Theme

UNITY THROUGH DIVERSITY IN ISLAM

FOR DETAILS, CONTACT: Abdul Hai Sulaiman Patel (Tel.) 532-1788
Canadian Representative



بہنوں کی محفل

صحت کیلئے سادہ اصول

طبی سائنس نے زندگی میں کئی سال کا اضافہ کرنے کا امکان پیدا کر دیے ہیں، لیکن زندگی میں اضافہ کیے یہ سال اس وقت تک کوئی معنی نہیں رکھتے جب تک [illegible] خیالات [illegible] فعال کردار [illegible] نہ ہو۔ [illegible] سر [illegible] کار [illegible] ہے طویل [illegible] زندہ رہنے [illegible] زندگی [illegible] زندگی حرکت کا نام ہے اور اس کی قدر و قیمت [illegible] ہے کہ انسان جتنا عرصہ بھی زندہ رہے [illegible] کرے روز و شب کسی مصروفیت میں گزریں۔ عمر میں کئی سالوں کے اس اضافے سے عوام اسی صورت میں لطف اندوز ہو سکتے ہیں کہ وہ قدرے اعتدال پسندی اختیار کریں اور مندرجہ ذیل سادہ اصولوں کو زیر عمل لائیں۔ ان اقدامات کی بدولت وہ اپنی روح کو جوان، جسم کو صحت مند اور ذہن کو بیدار رکھ سکتے ہیں۔

اپنے ڈاکٹر سے باقاعدہ ملتے رہیں تاکہ بروقت طبی معائنہ ہوتا رہے۔ اس طرح وہ فوری طور پر تقریباً کسی بھی مرض کی تشخیص اور اس کا علاج بھی کر سکتا ہے۔ کسی بھی تکلیف یا بیماری کے سر ابھارنے سے پہلے اسے دریافت کر لیا جائے تو نہ صرف [illegible] اس پر قابو پایا جا سکتا ہے بلکہ کئی ایسی بیماریوں کا بھی سدباب ہو جاتا ہے جو غفلت کے باعث آپ کو لاحق ہو سکتی تھیں۔

اپنی خوراک کا جائزہ لیتے رہیں کیونکہ عمر [illegible] گزرنے کے ساتھ ساتھ خوراک کی ضرورت میں بھی کمی ہوتی چلی جاتی ہے۔ البتہ غذائیت بخش عناصر کی احتیاج میں کچھ تبدیلی واقع ہوتی ہے۔ اس تبدیلی کے تحت [illegible] زیادہ پروٹین اور [illegible] کی ضرورت ہوگی لیکن [illegible] اور [illegible] سے بہت کم درکار ہوں گے۔ لہٰذا عمر کے مطابق غذا کے استعمال میں رد و بدل کرتے رہیں۔ مناسب حد تک [illegible] کریں۔ دن بھر کی مصروفیات اور ذہنی و جسمانی مشقت کا تقاضا ہوتا ہے کہ [illegible] دن کے لیے ذہن کو فوقی اور جسم کو پرسکون [illegible]

میں رکھیں تاکہ وہ دونوں اپنی اپنی زائل شدہ قوت بحال کر لیں۔ اپنی صلاحیتوں کا علم رکھیں اور جسمانی یا ذہنی صورتوں میں حد درجہ تھکاوٹ [illegible] سے گریز کریں اپنی طبع [illegible]

جتنا بوجھ برداشت کر سکتی ہو اتنا ہی کام کریں۔ جسمانی ورزش کو عادت بنائیں۔ بوڑھے آدمی کی آزمائش یہ ہے کہ اس کے جوڑ چٹخنے لگیں، کمر میں درد رہتا ہے، جوڑوں کا [illegible] رہتی ہیں۔ لہٰذا [illegible] کے ہر حصے میں اپنے تمام جسمانی اعضا کو اس طرح استعمال کرتے رہیں کہ وہ اپنے افعال بہتر انداز میں انجام دینے کے قابل رہیں۔

ہر روز زیادہ سے زیادہ سودمند فعالیت کا مظاہرہ کریں کیونکہ سستی، جنا اور کام سے جی چرانا ہی آدمی کو جلد سے جلد تر بوڑھا بنا دیتا ہے۔ جو بھی کام کریں وہ دل لگا کر پورے شوق سے کریں اور اپنے ماحول میں دلچسپی لیں۔ اپنے فرض منصبی بطریق احسن اور قابل فخر انداز میں سر انجام دینے سے زندگی کا جوش و خروش بڑھتا ہے۔ یہ جوش زندگی آپ کو جوان بنا دے گا۔

اپنے علاقے کے معاملات میں عملی حصہ لیجیے اپنے وقت اور صلاحیتوں میں ایسے کار خیر کا بھی حصہ رکھیے جو دوسروں کی خدمت پر مبنی ہوں، مثلاً کسی امدادی فنڈ کے لیے چندہ جمع کرنا، ووٹ ڈلوانا اور بلدیاتی فلاح و بہبود کے پروگراموں میں شامل ہونا۔

خود کو مستقبل کا سامنا کرنے کے لیے تیار رکھیے۔ ایک اور مختصر راستہ جو انسان کو بڑھاپے کی طرف جلدی پہنچا دیتا ہے وہ فکر و تردد اور کیا ہوگا کی پریشان کن سوچ ہے۔ ذہن کو پراگندہ حالت میں رکھنے سے بڑھاپا جلد آنے کے علاوہ کئی بیماریاں پیدا ہونے کا اندیشہ بھی رہتا ہے۔ اگر آپ کل کے لیے آج ہی منصوبہ بنا لیں اور مالی اخراجات کا پہلے ہی سے تخمینہ تیار کر لیا کریں تو کل کے متعلق بہت سے تفکرات سے بچا جا سکتا ہے۔

گاجر کا حلوہ

اشیاء:- گاجر ۲ سیر کدوکش کی ہوئی - دودھ دس سیر - چینی ساڑھے تین سیر - چاندی کے ورق [illegible] - بادام ایک پاؤ - گھی ایک سیر - سفید الائچی ایک تولہ

ترکیب: دودھ کو کڑاہی میں اچھی طرح ابال لیں پھر گاجریں اس میں ڈال دیں۔ اور چمچہ چلاتی رہیں جب تک کہ سارا دودھ بالکل خشک ہو جائے۔ (اگر آپ نے چمچہ نہ چلایا تو دودھ کڑاہی کے نیچے چمٹ جائے گا اور جلے دودھ کی بو آئے گی) اور پھر جب دودھ بالکل خشک ہو جائے تو چینی ڈال دیں۔ چینی اپنا پانی چھوڑے گی۔ جب چینی کا آدھا پانی خشک ہو جائے تو تین پاؤ گھی ڈال دیں۔ جب پانی بالکل خشک ہو جائے۔ اور گھی نکل آئے تو حلوہ کو خوب بھون لیں تاکہ چینی کا پانی بالکل خشک ہو جائے۔ حلوہ کو اتنا بھونیں کہ وہ خوب سرخ ہو جائے اور حلوہ گھی چھوڑنے لگے۔ اب کسی برتن میں ایک پاؤ گھی لے کر اسے اچھی طرح تیز گرم کر لیں۔ اور اس میں ایک تولہ الائچی کے دانے ڈال دیں۔ جب الائچی خوشبو چھوڑنے لگے تو حلوہ میں ڈال دیں۔ تاکہ حلوہ خوش ذائقہ ہو جائے اب حلوہ کو پھر اچھی طرح بھون لیں۔ اس پر کٹا ہوا پستہ اور بادام چھڑک دیں اور اسے اچھی طرح ملا لیں۔ اب اسے اتار لیں۔ کسی محفوظ برتن میں نکال لیں۔ اب اس پر چاندی کے ورق لگا دیں۔ بے حد لذیذ حلوہ تیار ہے۔ کئی ماہ تک خراب نہیں ہوگا۔ بہنیں آج ہی آزمائیں اور نوش فرمائیں لیکن یہ خیال رکھیں وہ دیر تک حلوہ پر ڈھکن نہ رکھیں۔ ڈھکن سے پانی کے قطرے ان کر گریں گے اور پانی سے حلوہ خراب ہو جائے گا۔

نشاستہ

اشیاء:- نشاستہ ایک سیر - سوجی آدھ سیر - گھی ایک سیر - مغز بادام ایک پاؤ - چار مغز آدھ پاؤ - بڑی الائچی ایک چھٹانک - ناریل آدھ پاؤ - چینی ایک سیر۔

ترکیب: نشاستہ نصف گھی میں ہلکی آگ پر بھون لیں اور نکال کر الگ برتن میں رکھ دیں۔ اب سوجی کو سرخ کر لیں۔ یہ بھی نکال کر نشاستہ کے برتن میں رکھ لیں۔ مغزیات کو باریک کوٹ لیں۔ الائچی دانے بھی ڈال لیں۔ چینی کا قوام ایک تار کا تیار کریں۔ سب مغزیات ملا لیں دو منٹ کے لئے چولہے پر رہنے دیں۔ بعد میں اتار کر سب چیزیں اس میں جلدی جلدی ملا لیں اور اچھی طرح سے ملائی جائیں۔

ایک ٹرے لے کر اس میں گھی لگائیں سب آمیزہ اس میں ڈال کر ٹھنڈا کرنے کے بعد برفی کی طرح ٹکڑے کاٹ لیں۔ روزانہ ناشتہ اسی سے کریں۔ سردرد کے لئے بے حد مفید ہے

سبزی کا سوپ

اشیاء:- دو گٹھی درمیانی پیاز - دو درمیانی گاجریں - دو پیالی مٹر کے دانے - دو درمیانے آلو - چھ پھول گوبھی کے - ایک پیالی دودھ - نمک اور کالی مرچ حسب ذائقہ - پیاز کھانے کا چمچہ ڈالڈا۔

پیاز کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر لیں۔ گاجر باریک کاٹ لیں۔ آلو کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر لیں۔ کالی مرچ باریک کوٹ لیں۔ پھر گھی گرم کر کے پیاز ہلکے بادامی تل لیں پھر سب ترکاریاں نمک اور کالی مرچ ملائیں اور ہلکی آگ پر پکائیں کہ ترکاری نرم ہو جائے۔ پھر دودھ ڈال کر آگ پر اور پکائیے تھوڑی دیر کے بعد اتار لیں



تنہائی جنہیں ہراتی ہے

ذوالفقار علی

بچی کو یہ لکھنے روکتی ہیں تنہی محبت کیلئے
اپنے احساس کو پابند بنایا ہی نہ تھا
روشنی کیسے محبت کے جہاں میں ہوتی ہے
میں نے یہ دیپ کبھی دل میں جلایا ہی نہ تھا

مرزا ذوہیب حسین

چراغ آخر شب اس قدر اداس نہ ہو
کہ مرے بعد اندھیرا انہیں اجالا ہے

سیدہ شمع زہرہ

کر و میاں تو تیری تقدیر بن چکی ہیں
مجبوریوں کو تیری تسلیم کر چکا ہوں

بے نظیر بیگم

انہی راستوں پہ چل کر اگر آسکو تو آؤ
میرے گھر کے راستے میں کوئی کہکشاں نہیں ہے

ممتاز

میں قتیل وہ مسافر ہوں جہان بے بسی کا
جو اجڑ کے رہ گیا ہو کسی اجنبی وطن میں

نائلہ

تمہاری یاد کے جب زخم بھرنے لگتے ہیں
کسی بہانے تمہیں یاد کرنے لگتے ہیں

پرویز - ڈنڈی

اب ابھرنے ہی کو ہے تہذیب نو کا آفتاب
اب فضائے تیرہ ہے تمہید صبح انقلاب

نازیہ اطہر - ڈنمارس

انہوں کے دل میں مہر و محبت نہ کر تلاش
یہ بات کس خلوص سے بیگانہ کہہ گیا

سرتاج آفاق - اوسلو (کینیڈا)

مقتل پرست ہوں مجھے کچھ بھی نہیں عزیز
کانٹوں سے بھی نباہ کئے جا رہا ہوں میں

زاہد بیگم

نہ جانے کیوں مجھے اس وقت تمہاری یاد آتی ہے
جب آنکھوں میں چمکتے ہیں ستارے شام سے پہلے

گل رخ

کچھ کرم ہم کو شیر دل پر بھی فرمایا کرو
شہر میں آتے ہی ہو گھر بھی کبھی آیا کرو

مہر پروین

عمر بھر سنگ زنی کرتے رہے اہل وطن
یہ الگ بات کہ دفنائیں گے اعزاز کے ساتھ

عفت [illegible]

کیا ضروری ہے کہ ہم اس لئے [illegible] تو پر
پاس اس [illegible] پشیمانی کا ہوتا

[illegible]

لوگوں کا [illegible] ہجوم ہے گھر سا پاس
ملنا ایک مقام سن کے دھڑکتا ضرور ہے

کبھی لگتے تھے وہ خدا جیسے

جمیل الدین عالی

کھلتی کلیوں کی ہو صدا جیسے — جو نہ آیا تھا آگیا جیسے
پھیلتی جا رہی ہیں خوشبوئیں — آتی ہے عشق کی ہوا جیسے
جھلملانے لگی ہیں روشنیاں — وہ جو پردہ تھا اٹھ گیا جیسے
ذہن اور جسم کا یہ عالم ہے — کوچہ یار کی فضا جیسے
روح جو مرجھا رہی تھی تازہ ہوئی — کوئی بادل برس گیا جیسے
لال پھولوں میں سج گئی دیوار — اپنا گھر اُس کا گھر ہوا جیسے
ہم کو لگنے لگے تھے پھر نکھرے — رنگ و خوشبو میں بہہ گیا جیسے

آج بے مہر دل سے بھی جو ڈرتے ہیں
کبھی لگتے تھے وہ خدا جیسے

پنجاب میں ۲۰ لاکھ افراد بے روزگار ہیں

حکومت بے روزگاروں کو روزگار مہیا کرنے کی کوشش کر رہی ہے

پنجاب اسمبلی میں سید تابش الوری کی تحریک التوا پر حکومت کی یقین دہانی



میں نے مشرقی پاکستان میں فوجی کارروائی کی مخالفت کی تھی: شاہ ایران

پاک بھارت جنگ کے بعد ایران کو اپنا دفاع زیادہ مضبوط بنانا پڑا

بقیہ صفحہ ۶

ملتان اور بہاولپور کی یونیورسٹیاں اگلے سال سے کام شروع کر دیں گی

۸ ایکڑ زمین ملتان یونیورسٹی کے لیے حاصل کر لی گئی ہے

جامعہ اسلامیہ بہاولپور کو یونیورسٹی میں تبدیل کر دیا جائے گا

ملتان میں تیل صاف کرنے کے کارخانہ کی تعمیر کا کام شروع ہو گیا

بنگلہ دیش کی فضائی سروس کے لیے آسٹریلوی طیارے

[بقیہ: میاں محمود علی قصوری سے انٹرویو]

خدا کرے ایسا ہی ہو ★

بھارت آئندہ سال جنگی تیاریوں پر ۱۹ کروڑ ڈالر خرچ کرے گا

پاکستان اپنی افواج کو جدید اور مضبوط ترین بنا رہا ہے

جنگ ہوئی تو ہم دشمن کے علاقے میں گھس کر لڑیں گے: بھارتی وزیر دفاع



بھارت نے پاکستان کو پھر جنگ کی دھمکی دے دی

ایوب خان کے بیٹے اختر ایوب کے خلاف دھوکہ دہی سے اراضی اپنے نام منتقل کرانے پر ۲ مقدمات درج کر لیے گئے

ملک میں کوئی آئین موجود ہے یا نہیں

ماہرین قانون کیلئے اہم غور طلب سوال

ڈاکٹر مالک کی کابینہ کے وزیر عبدالله مجدار کو بھی عمر قید کی سزا دے دی گئی

اقوام متحدہ جنگی متاثرین کے لئے ایک لاکھ ڈالر دے گی

روس نے بنگلہ دیش کو ۱۲ مگ طیاروں کا سکواڈرن دے دیا

طیارے ڈھاکہ پہنچا دیے گئے

جنگی قیدیوں پر اس سال فروری تک ۲۰ کروڑ روپے خرچ کئے جاچکے ہیں

پاکستان تمام خرچ ادا کرنے کا ذمہ دار ہے، پارلیمنٹ میں جگجیون رام کا بیان

صدر بھٹو کے دشمنوں کو انکے خاندان اور ساتھیوں سمیت ملیامیٹ کردیا جائیگا

اب یہ لوگ زیادہ دیر تک عوام کے غیض و غضب سے نہیں بچ سکیں گے: کوثر نیازی

بلوچستان میں قیوم مسلم لیگ کے جام غلام قادر کی سرکردگی میں نئی حکومت کا قیام

کابینہ فی الحال صرف دو وزیروں پر مشتمل ہے



سیاست کو تشدد سے پاک نہ کیا گیا تو ملک کے مزید ٹکڑے ہو جائیں گے

عوام کے جمہوری حقوق بحال کرنے کے لیے جدوجہد جاری رہے گی

بلوچستان کی نئی حکومت کو صرف آٹھ ارکان اسمبلی کی حمایت حاصل ہے: مفتی محمود

میں صدر بھٹو کی ہدایت پر عوامی خدمت انجام دیتا رہوں گا

جنرل شیروف کی کراچی جیل سے فرار کی ناکام کوشش



سرحد میں بیرون کو وزیر بنادیا گیا ہے (مفتی محمود)

subscription for one year $5
Send cheques to
the Saaa-I-Pakistan.
Po.Box.303.Station D'Toro
Name ....
Address ....

پاک فوج اور فضائیہ کے مزید تیرہ افسر گرفتار کر لیے گئے

فوج کا نظم و ضبط تباہ کرنے اور فوجیوں کو ورغلانے کا الزام

تازہ گرفتاریاں ۳۰ مارچ کے بعد ہونے والی تفتیش کے نتیجہ میں عمل میں آئی ہیں

سازش میں ملوث افراد کے خلاف کارروائی کے لیے عنقریب مارشل لا کورٹس قائم کر دی جائیں گی

آزاد کشمیر میں احمدیوں کو غیر مسلم اقلیت قرار دے دیا گیا

احمدیت کی تبلیغ ممنوع ہو گی؛ فرقہ کے ارکان کو اپنے نام رجسٹر کرانے ہوں گے

آزاد کشمیر اسمبلی نے اتفاق رائے سے قرارداد منظور کر لی

راجشاہی میں ایک سرنگ سے پاکستانی ہتھیاروں اور ایمونیشن کا بہت بڑا ذخیرہ برآمد ہوا

آئین کے نفاذ کے بعد ہنگامی حالت دو ماہ تک نافذ رہے گی



شرپسندوں کی گولیوں سے زخمی ہونے والا تحریک استقلال کا رکن جاں بحق ہو گیا

تین روز گزر جانے کے باوجود پولیس نے کسی ملزم کو گرفتار نہیں کیا



مقتول جاوید نذیر



جاوید نذیر کے والد جوان مرگ بیٹے کے لئے نوحہ کناں ہیں

ملک کے سب سے بڑے ایٹمی طبی مرکز کی تعمیر اس ماہ شروع کر دی جائے گی

اسلام آباد ۔ ملک کے سب سے بڑے ایٹمی طبی مرکز ... کی تعمیر کا کام اس ماہ شروع ہو جائے گا۔

راجہ تریدیو رائے نے اپنے بیٹے کو چکمہ قبیلہ کا سردار بنانے کی اجازت دے دی

کراچی ۔ وفاقی وزیر برائے اقلیتی امور

پی آئی اے کے طیاروں کے نام ممتاز شخصیتوں اور تاریخی مقامات کے نام پر رکھے جائیں گے

کراچی ۔ پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز

صدائے پاکستان

نگاہ شوب و تہاپل کو تو
درہم کن کے سلسلوں کو تو
بدر کا سسکم یہ فتح باب
کر دیا عظ کو جسد دو بہ بہ
نکل یہ بڑا دل فشاں
کر ایک بد مادہ و مامل نشانا

ہنگامی حالات ختم کیوں نہیں کئے جاتے؟

میاں محمود علی قصوری سے انٹرویو —— عارف نجف کی

میں نے پریس کی آزادی کے لیے ترمیم پیش کی تھی

میاں صاحب نے کہا کہ میں وزیر اعظم کو ہٹانے کے لیے تجویز کردہ طریقہ کار کو غیر جمہوری اور ستمگر قرار دیتے ہوئے کہا وزیر اعظم کو منتخب کرنے کے لیے تجویز کیا گیا ہے کہ پارلیمنٹ کے ارکان کی عددی اکثریت اور بعض حالتوں میں ووٹ دینے والوں کی اکثریت کی بنیاد پر منتخب کیا جائے گا۔ لیکن وزیر اعظم کو ہٹانے کے لئے اس پارلیمنٹ پر پہلے دس سال یا دو انتخابات (جو عرصہ بھی زیادہ ہو) آئین میں ایسی پابندیاں لگائی گئی ہیں کہ دنیا کے کسی بھی آئین میں اس کی مثال نہیں ملتی۔ اس نئے طریقے کی ستم ظریفی کا اندازہ لگانے کے لئے ایک سادہ سی مثال لیجئے۔ قومی اسمبلی میں کونسل لیگ پارلیمانی پارٹی کے سات رکن ہیں لیکن چار ارکان عموماً حکومت کے حق میں ہی ووٹ ڈالتے ہیں۔ اگر ایسی صورت حال میں وزیر اعظم کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک اٹھائی جائے اور یہ چار ارکان حسب معمول وزیر اعظم کی تائید کریں تو اس حزب اختلاف کے باقی ماندہ تین ووٹ اگرچہ وہ تحریک عدم اعتماد کے حق میں ڈالے گئے ہوں شمار نہیں کئے جائیں گے۔ جب تک کہ کسی پارٹی کی اکثریت عدم اعتماد کی تحریک کے حق میں ووٹ نہ دے عدم اعتماد کی تحریک کے حق میں ووٹ دینے والے افراد کے ووٹ شمار نہیں کئے جائیں [illegible]

[illegible]



فرمودۂ اقبال

کمال جوش جنوں میں رہا میں گرم طواف
خدا کا شکر سلامت رہا حرم کا غلاف
یہ اتفاق مبارک ہو مومنوں کے لیے
کہ یک زباں ہیں فقیہان شہر میرے خلاف
تڑپ رہا ہے فلاطوں میان غیب و حضور
ازل سے اہل خرد کا مقام ہے اعراف

باقی صفحہ 8

نور بصیرت

خطبۂ تبوک

جناب رسالت مآب ﷺ نے تبوک میں ایک نماز کے بعد پہلے اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا بیان فرمائی پھر خطبہ ارشاد فرمایا جو مندرجہ ذیل جامع کلمات پر مبنی تھا:

سب سے سچا کلام اللہ کی کتاب ہے سب سے بڑھ کر بھروسے کی بات تقویٰ کا کلمہ ہے۔ بہترین ملت، ملت ابراہیم ہے۔ سب طریقوں سے بہتر طریقہ سنت محمد ﷺ ہے۔ اللہ کے ذکر کو سب باتوں پر شرف حاصل ہے۔ خوبصورت ترین بیان یہ قرآن پاک ہے۔ بہترین کام اولوالعزم کے کام ہیں۔ اور بدترین وہ ہے جو نیا نکالا گیا ہو۔ انبیاء کی روش سب سے خوب تر ہے۔ شہیدوں کی موت سب موتوں سے اشرف ہے سب سے زیادہ اندھا پن ہدایت کے بعد گمراہی ہے۔ بہترین عمل وہ ہے جو نفع دے۔ بہتر روش وہ ہے جس کی اتباع کی جائے۔ بدترین کوری قلب کی کوری ہے۔ اوپر کا (دینے والا) ہاتھ نیچے کے (لینے والے) ہاتھ سے بہتر ہے۔ تھوڑا اور کافی مال زیادہ اور غفلت میں ڈال دینے والے مال سے بہتر ہے۔ بدترین معذرت وہ ہے جو موت آ جانے کے وقت کی جائے۔ بدترین ندامت قیامت کی ندامت ہے اور ایسے بھی لوگ ہیں جو جمعہ کے لیے اس طرح آتے ہیں کہ ان کے دل پیچھے (کی چیزوں میں) لگے ہوتے ہیں، اور ان میں سے ایسے لوگ بھی ہیں جو اللہ کا ذکر بے دلی سے کرتے ہیں۔ عظیم ترین خطاؤں میں سے جھوٹی زبان ہے۔ بہترین تونگری دل کی تونگری ہے بہترین زاد راہ تقویٰ ہے۔ حکمت کا سر اللہ کا خوف ہے۔ دلوں میں اتر جانے والی چیزوں میں سے بہترین چیز یقین ہے۔ شکوک و شبہات کفر کی قسم ہے۔ نوحہ کرنا جاہلیت کا کام ہے۔ چوری جہنم کا سامان بنانا ہے۔ بدمستی آگ میں پڑنا ہے۔ شعر ابلیس سے ہے۔ شراب تمام گناہوں کا مجموعہ ہے۔ بدترین روزی یتیم کا مال کھانا ہے۔ سعادت مند وہ ہے جو دوسرے کے احوال سے نصیحت حاصل کرتا ہے۔ اہل شقی وہ ہے جو ماں کے پیٹ سے شقی ہو۔ عمل کا سرمایہ اس کا انجام ہے۔ بدترین خواب جھوٹا خواب ہے۔ ہونے والی بات بہت قریب ہے۔ جس کا پیش آنا لازمی ہے اسے دور نہ سمجھو۔ مومن کو گالی دینا فسق ہے۔ مومن کو قتل کرنا کفر ہے۔ مومن کا گوشت کھانا (چغلی کھانا) اللہ تعالیٰ کی معصیت ہے۔ مومن کا مال ایسے ہی حرام ہے جیسے اس کا خون۔ جو اللہ سے لاپرواہی کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اسے جھٹلاتا ہے۔

قائد اعظم نے فرمایا

اسلامی تعلیمات کی درخشندہ روایات و ادبیات گواہ ہیں کہ دنیا کی کوئی قوم جمہوریت میں مسلمانوں کا مقابلہ نہیں کر سکتی جو اپنے مذہب میں بھی جمہوری نقطۂ نظر رکھتے ہیں

پاکستان کی بدنامی

ڈھاکہ میں پاکستان کے سفارت خانہ میں پاکستان کے [illegible] اور [illegible] کی مناسبت کے سلسلہ میں منعقدہ تقریب میں جو کچھ ہوا اس پر ہر پاکستانی کا سر شرم سے جھک جانا چاہیئے۔ اس تقریب میں ڈھاکہ کے تمام حلقوں کو مدعو کیا گیا تھا۔ یہ لوگ اس خوشی میں کہ پاکستان ایک اسلامی مملکت ہے تقریب میں چلے گئے۔ لیکن جب انہوں نے یہ دیکھا کہ وہاں پر شراب پانی کی طرح پی جا رہی ہے تو وہ احتجاج کرتے ہوئے تقریب سے چلے گئے۔ ڈھاکہ کے اخبارات نے شہ سرخیوں کے ساتھ پاکستانی سفارت خانے کے اس طرز عمل پر شدید نکتہ چینی کی اور کہا کہ ان تقریبات میں ہندو بھارت بھی شراب استعمال نہیں ہونے دیتا لیکن پاکستان واحد اسلامی ملک ہے جو ایسا کرتا ہے۔

کسی پاکستانی سفارت خانے کی طرف سے مدعوئین کو شراب کی پیشکش کوئی نیا واقعہ نہیں ہمارے سفارت خانوں کے اکثر ارکان کے بارے میں اس نوعیت کی اطلاعات آتی رہتی ہیں کہ وہ منصبی فرائض انجام دینے سے زیادہ عیاشی کی طرف مائل رہتے ہیں۔ ہم انہی کالموں میں حکومت کی توجہ اس جانب مبذول کراتے رہتے ہیں کہ یہ بات ہمارے اسلامی تشخص کے منافی ہے اسلئے اصلاح احوال کی کوئی یقین افروز تدبیر کی جائے۔ لیکن کسی نے اس کا کچھ اثر نہیں لیا۔ یہاں تک کہ ڈھاکہ میں ہمارے سفارت خانہ کے ذمہ داران پاکستان کی بدنامی کا باعث بنے۔ اگر پاکستان ایک اسلامی مملکت ہے تو پھر ان لوگوں کی زبردست گوشمالی ہونی چاہیئے ہم حکومت سے مطالبہ کریں گے کہ وہ پاکستانی سفیر کا اس حماقت پر محاسبہ کرے اور آئندہ کسی بھی پاکستانی سفارت خانہ میں شراب وغیرہ کے استعمال کے امکانات کو ختم کرنے کا بندوبست کرے۔

وہ لذت آشوب نہیں بحر عرب میں
پوشیدہ جو ہے مجھ میں وہ طوفان کدھر جائے
ہر چند ہے بے قافلہ و راحلہ و زاد
اس کوہ و بیاباں سے حدی خوان کدھر جائے
اس راز کو اب فاش کر اے روح محمد
آیات الٰہی کا نگہبان کدھر جائے

خودی ہو زندہ تو ہے فقر بھی شہنشاہی
نہیں ہے سنجر و طغرل سے کم شکوہ فقیر
خودی ہو زندہ تو دریائے بیکراں پایاب
خودی ہو زندہ تو کہسار پرنیان و حریر
نہنگ زندہ ہے اپنے محیط میں آزاد
نہنگ مردہ کو موج سراب بھی زنجیر

یکے از مطبوعات فرینڈز آف پاکستان

شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اخبار

پندرہ روزہ صدائے پاکستان

ٹورونٹو کینیڈا

شمارہ ۵ جلد ۲	۱۵ مئی ۱۹۷۳ء	۱۵ سینٹ

تعلیم یافتہ افراد کو روزگار مہیا کرنے کے لیے

پروگرام شروع ہو جائیگا

پروگرام کے تحت بیروزگار افراد کو عارضی ملازمتیں دی جائیں گی۔

انجینئرنگ اور تعمیرات کی قومی کارپوریشن قائم کی جائے گی، مرکز اور صوبوں کے

منصوبوں اور پالیسیوں کے فیصلوں میں سائنس دانوں کو شریک کیا جائے گا۔

سائنس دان اور انجینئر عوام کے مسائل حل کریں : صدر بھٹو

اسلام آباد ۔ ۳۰ اپریل (ریڈیو رپورٹ) صدر ذوالفقار علی بھٹو نے پاکستانی انجینئروں اور سائنسدانوں سے اپیل کی ہے کہ وہ ان مسائل کو حل کرنے پر اپنی تمام توجہ مرکوز کر دیں جن سے اس وقت عوام دوچار ہیں۔ انہوں نے ایک طریقہ ہے جس سے وہ ملک کی تعمیر و ترقی میں اپنا کردار ادا کر سکتے ہیں۔ انہوں نے سائنسدانوں، انجینئروں اور معماروں کے سالانہ اجتماع کا افتتاح کرتے ہوئے [illegible] اپنی کوششوں کو عوام کی فلاح و بہبود کے لئے وقف کر دیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان وسائل کی دولت سے مالا مال ہے اس لئے ضرورت اس امر کی ہے کہ ان وسائل کو بروئے کار لایا جائے اور ملک کی تعمیر و ترقی کے لئے ان سے پورا پورا فائدہ اٹھایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ اس قدر کثیر وسائل رکھنے والے ملک کے لئے یہ ضروری نہیں کہ وہ ہمیشہ غریب رہے۔ [illegible] کا ذکر کرتے ہوئے صدر نے یہ بھی بتایا کہ انجینئروں اور سائنسدانوں کو ملک کی تعمیر و ترقی کے لئے آزادانہ پالیسیاں وضع کرنے کا موقع فراہم کرنے کے لئے حکومت نے سائنس اور ٹیکنالوجی کی ایک الگ وزارت مقرر کر دی ہے۔

صدر بھٹو نے یہ بھی بتایا کہ انہوں نے ایٹمی توانائی کا چارج خود سنبھال لیا ہے تاکہ ایٹمی توانائی کو ترقی کے کاموں میں استعمال کیا جائے۔ صدر بھٹو نے یہ بھی اعلان کیا کہ کل یکم مئی سے تعلیم یافتہ بیروزگار افراد کو ملازمت مہیا کرنے کے لئے ایک زبردست مہم شروع کی جائے گی جس کے تحت ان تمام افراد کو جن کے پاس ٹیکنیکل یا پیشہ ورانہ ڈپلوما یا اعلیٰ تعلیم کی سند ہوگی عارضی طور پر ملازمت مہیا کی جائے گی۔

ملازمتیں مہیا کرنے کی سکیم

صدر بھٹو نے بتایا کہ بیروزگاروں کو روزگار مہیا کرنے کے لئے کل سے جس سکیم کا آغاز کیا جا رہا ہے اس کی تفصیلات کا الگ اعلان ہوگا۔ سکیم کے تحت حکومت ان لوگوں کو جن کے پاس ٹیکنیکل یا پیشہ ورانہ ڈپلوما یا اعلیٰ ڈگریاں ہیں ملازمتیں مہیا کرے گی۔ حکومت کو اس قابل بنانے کے لئے کہ وہ نجی اداروں کے سائنسدانوں اور انجینئروں کو تربیت دے قانون بنایا جائے گا۔ اس سکیم کے تحت رجسٹر کئے جانے والے بے روزگاروں کو ان کی تعلیمی قابلیت اور تجربہ کے مطابق وظیفہ دیا جائے گا۔ صدر نے بتایا کہ حکومت نے قومی انجینئرنگ و تعمیرات کی کارپوریشن مقرر کی ہے جو ایک بڑے ادارے کے طور پر انجینئروں کو ملازمتیں مہیا کرے گی۔ صدر نے کہا انہوں نے ڈاکٹروں کے بیرونی ملک جانے پر پابندی لگا دی ہے کیونکہ ملک میں وسیع صحت پروگرام پر عملدرآمد کے لئے ڈاکٹروں کی ضرورت ہے۔ صدر نے کہا کہ بعض شعبوں میں تربیت یافتہ افرادی قوت کی تمام فاضل پیداوار ختم ہو جائے گی اور جلد ان لوگوں میں قلت محسوس ہونے لگے گی جیسا کہ بعض علاقوں میں ان کی ضرورت بڑھ رہی ہے۔

بہاریوں کے حق میں مظاہرہ

نیویارک۔ نمائندہ خصوصی

۲۷ اپریل۔ آج پاکستانیوں نے بہاریوں کی واپسی کے حق میں پاکستانی مشن کے سامنے مظاہرہ کیا۔ یاد رہے کہ پاکستان کی حکومت بہاریوں کو پاکستان لانے کے حق میں نہیں ہے، جبکہ مجیب کی حکومت کا یہ کہنا ہے کہ پاکستان سب غیر بنگالیوں کو پاکستان بلولے۔ اس باہمی چپقلش نے ان لاکھوں انسانوں کا مستقبل غیر یقینی بنا دیا ہے۔ مظاہرین میں بچے، بوڑھے، جوان، خواتین سبھی شامل تھے، وہ حکومت پاکستان سے مطالبہ کر رہے تھے کہ وہ بہاریوں کو پاکستان لائے یہ ان کا بنیادی حق ہے۔

پاکستانی مشن کے ایک افسر نے نمائندہ خصوصی کو انٹرویو دیتے ہوئے کہا کہ وہ مظاہرین کے مطالبات سے ہمدردی رکھتے ہیں، اور حکومت پاکستان مسئلے کے انسانی پہلو سے واقف ہے، مگر ان کا خیال ہے کہ اس طرح کے مظاہرے سے حکومت کی پوزیشن کمزور ہوتی ہے۔ مظاہرین نے پاکستانی نمائندہ مقیم نیو یارک کو ایک قرارداد بھی پیش کی۔

سرحد میں متحدہ محاذ پیپلز پارٹی اور قیوم لیگ کی مخلوط کابینہ نے حلف اٹھا لیا

حکومت کے سربراہ متحدہ محاذ کے عنایت اللہ گنڈاپور ہیں

نئی کابینہ بارہ وزیروں پر مشتمل ہے : مزید وزراء کے لیے جانے کا امکان

پشاور ۔ ۳۰ اپریل (اے پ پ) شمال مغربی سرحدی صوبہ میں پیپلز پارٹی، متحدہ محاذ اور قیوم مسلم لیگ کی مخلوط حکومت تشکیل پا گئی ہے جس کے سربراہ متحدہ محاذ کے سردار عنایت اللہ گنڈاپور ہیں۔ [illegible] گورنر ہاؤس میں ایک سادہ تقریب میں اپنے عہدوں کے حلف اٹھائے۔ [illegible] بارہ رکنی کابینہ میں متحدہ محاذ کے سات، پاکستان قیوم مسلم لیگ کے چار اور پاکستان پیپلز پارٹی کے [illegible] شامل ہیں [illegible]

[illegible]

۲۶۲ گھنٹوں میں آئین تیار ہوا

پہلی خواندگی میں ۸۰، دوسری میں ۵۴ اور تیسری میں ۴۰ ارکان اسمبلی نے بحث میں حصہ لیا

اسلام آباد ۔ ۲۲ اپریل (ریڈیو رپورٹ) قومی اسمبلی کے سیکرٹری نے ایک تقریب میں بتایا کہ مستقل دستور پر غور کرنے کے لئے قومی اسمبلی کا اجلاس تین دن ہوا، بحث و تمحیص میں کل ۲۶۲ گھنٹے صرف ہوئے۔ حزب اختلاف نے ایک ہزار ترمیمیں پیش کیں۔ پہلی خواندگی میں ۸۰ ارکان قومی اسمبلی نے حصہ لیا۔

بنگلہ دیش میں دو ورز کے دوران پندرہ ہزار بہاریوں کو موت کے گھاٹ اتار دیا گیا

نیپالی عوام نے بے یار و مددگار بہاریوں کی ہر ممکن مدد کی ہے

۱۲۳ بہاریوں کا پہلا قافلہ ایرانی طیارہ کے ذریعہ کھٹمنڈو سے کراچی پہنچ گیا

[illegible]